آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ **عاشق حسین** سے خبریں سُنئے

پہلے اہم خبروں کی سُرخیوں پر ایک نظر۔

29/09/2025 07.40 PM

ہیڈ لائنز

*........ لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے ہر سو ترقی کو یقینی بنانے کے لئے دیہی اور شہری علاقوں میں ترقیاتی تفاوتوں کو دور کرنے کا دہرایا عزم ۔

*........ پورے ملک کے ساتھ ساتھ جموں کشمیر میں بھی سیوا پرو کے تحت اختراعی پروگراموں کا انعقاد جاری ۔

*........ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کا دورہ گاندربل // 36 کروڑ پچاس لاکھ روپے لاگت والے ترقیاتی پروجیکٹ قوم کے نام اور وقف ۔

*........ عالمی یوم قلب آج // دل کو تندرست رکھنے سے متعلق احتیاطی تدابیر اجا گر ۔

لیفٹنٹ گورنر

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے ہر سو ترقی کو یقینی بنانے کے لئے دیہی اور شہری علاقوں میں ترقیاتی تفاوتوں کو دور کرنے کے حکومت کے عزم کو دہرایا ہے ۔ جموں میں آج دیہی ترقی و پنچایتی راج محکمے کی طرف سے منعقدہ سیوا پرو کے Vijayotsav تحت سوچھتا سے خطاب کرتے ہوئے ایل جی نے لوگوں پر زور دیا کہ وہ صفائی ستھرائی کی اہمیت کو سمجھ کر اسے اپنی زندگی کا ایک حصہ بنائیں ۔ انہوں نے کہا کہ دیہی علاقوں میں ماحولیاتی توازن کو بر قرار رکھنے کے لئے منظم ، جامع مہموں کا انعقاد کیا جانا چاہئے ۔

BJP

جموں کشمیر کی طرف سے آج کٹھوعہ میں سیوا پکھواڑہ کے تحت جسمانی طور خاص افراد ، سابقہ فوجیوں اور معزز BJP شہریوں کی عزت افزائی کے لئے ایک تقریب کا انعقاد کیا گیا ۔ اس موقعہ پر بی جے پی جموں کشمیر کے جنرل سیکریٹری گوپال مہاجن اور کئی دیگر لیڈر موجود تھے ۔

پارٹی کے ترجمان بلبیر رام رتن نے آج جموں میں وزیر اعظم نریندر مودی کے آتم نر بھر بھارت مشن کے تحت سودیشی عہد لیا ۔

جموں کشمیر کے میڈ یا انچارج ڈاکٹر پردیپ مہوترا نے جموں میں ڈینگی کے بڑھتے معاملات پر تشویش کا اظہار BJP کرتے ہو ئے الزام لگایا کہ موجودہ حکومت اس مسلے پر قابو پانے میں نا کام ہوئی ہے ۔

جموں پرو

گورنمنٹ وومنز کالج پریڈ جموں میں محکمہ اطلاعات و رابطہ عامہ کی طرف سے سیوا پرو تقریبات کے تحت خصوصی ثقافتی پروگراموں کا انعقاد کیا گیا جن کا مقصد مختلف موضوعات پر لوگوں میں بیدار ی پیدا کرنا تھا ۔

پولیس سیوا پرو

ڈائریکٹر جنرل پولیس نلن پربھات اور پولیس کے دیگر سینئر افسروں نے آج رام منشی باغ پارک سرینگر میں صفائی ستھرائی مہم میں حصہ لیا ۔ واضح رہے کہ سیوا پرو کے تحت جموں کشمیر پولیس کے سبھی یونٹ اپنے اپنے کیمپوں اور دفاتر کے ساتھ ساتھ عوامی نوعیت کے مقامات پر ان دنوں سوچھتا مہموں کا انعقاد کر رہے ہیں ۔

سیوا پرو رپورٹ

وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں حکومت، سیوا اور سشاسن یعنی عوامی خدمت اور بہتر حکمرانی کے منتر پر قدم
بڑھاتے ہوئے
بدلاو

---

اور ترقی کیلئے انتھک کوشش کر رہی ہے۔ ۂ

سیوا پروکے عنوان سے خصوصی سیریز میں آج ہم وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت مینحکومت کی طرف سے پی ایم گتی شکتی قومی ماسٹر پلان کے ذریعے بنیادی ڈھانچے کو فروغ دینے کے لئے کئے جا رہے اقدامات کو اُجا گر کر رہے ہیں۔

پیش ہے آکاشوانی نیوز ڈیسک کی یہ ر پورٹ۔

پولیس پرو

جموں کشمیر پولیس نے آج ہندواڑہ اور کولگام میں سوچھ بھارت ابھیان اور کلین انڈیا گرین انڈیا کے تحت کئی بیداری پروگراموں کا انعقاد کیا جس میں پولیس اہلکاروں اور عام لوگوں نے بڑھ چڑھ کر شرکت کی ۔ پولیس نے اونتی پورہ اور بڈگام میں نئے فوجداری قوانین کے بارے میں بیداری پروگراموں کا انعقاد کیا ۔

NIT

سرینگر میں بھی کئی سرگرمیاں منعقد ہوئیں ۔ یہ پروگرام ادارے کے ڈائریکٹر NITسوچھتا ہی سیوا ابھیان کے تحت آج پروفیسر بنود کمار کنوجیا کی صدارت میں 17 فروری کو شروع ہوا ۔

سیوا پرو IUST

سیوا پرو کے تحت آج اسلامک یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی میں نشہ مکت ابھیان سے متعلق ایک ریلی نکالی گئی جس میں طلباءاور عملے نے شرکت کی ۔

سوستھ ناری

اِدھر پورے ملک میں سوستھ ناری سشکت پریوار کے تحت بھی بیداری پروگراموں اور کیمپوں کا انعقاد جاری ہے ۔ صحت اور خاندانی بہبود کے مرکزی وزیر جگت پرکاش نڈّا نے کہا ہے کہ "سوستھ ناری، سشکت پریوار" مہم کے تحت پورے ملک میں اب تک 9لاکھ سے زیادہ صحت سے متعلق کیمپوں کا اہتمام کیا گیا ہے۔ آج نئی دلّی میں ایک پرائیویٹ نیوز چینل کی طرف سے منعقدہ صحت سے متعلق کنکلیو سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پہلے ہی 3کروڑ 60 لاکھ سے زیادہ افراد کی جانچ کی جاچکی ہے۔

وفد ملاقات

پردیش کانگریس کمیٹی کے لیڈروں کا ایک وفد اس کے کار گزار صدر رمن بھلا کی قیادت میں آج راج بھون جموں میں لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا سے ملاقی ہوا ۔ اس دوران انہوں نے جموں کشمیر میں حالیہ ناگہانی آفات سے متاثرہ کنبوں اور کسانوں کے معالات ایل جی کی نوٹس میں لائے ۔ ایل جی نے تمام مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کا یقین دلایا ۔

ایل جی ملاقات

ڈویژن کے جنرل آفیسر کمانڈنگ میجر جنرل مُکیش بھانوالا نے آج جموں میں لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا کے 26 Infantry ساتھ ملاقات کی اور انہیں فوج کی طرف سے آپریشن راحت کے تحت سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں عملائی گئی ریلیف اور باز آباد کاری کاروائیوں کے بارے میں جانکاری دی ۔ایل جی نے ناگہانی آفات کے دوران موثر کاروائی کر کے لوگوں کی راحت رسانی کر کے قیمتی جانوں کو بچانے میں فوج کے رول کی تعریف کی ۔

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے آج گاندربل کے مختلف علاقوں کا دورہ کیا ۔ اس دوران انہوں نے وہاں لوگوں کے ساتھ بات کی اور ان کے مسائل کا جائزہ لیا ۔ انہوں نے حلقے میں 36 کروڑ 50 لاکھ روپے لاگت والے کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد رکھا اور کئی ایک کا افتتاح کیا ان میں بیمانہ اور گاندربل کے کھیلوں سے متعلق چھ بڑے پروجیکٹ بھی شامل ہیں۔
وزیر اعلیٰ نے اس موقعہ پر میڈیا نمائندوں کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا کہ مرکزی حکومت کو جموں کشمیر کا ریاستی درجہ جلد از جلد بحال کرنا چاہئے ۔

سکینہ ایتو

صحت اور طبی تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے آج مینڈھر اور رفیع آباد اسمبلی حلقوں میں عملائے جا رہے ترقیاتی پروجیکٹوں کی پیش رفت کا ایک میٹنگ کے دوران جائزہ لیا ۔ انہوں نے ان دونوں حلقوں میں در دست لئے گئے پروجیکٹوں کی عمل آوری پر زور دیا اور اس دوران صحت ، تعلیم ، سڑک رابطوں اور سماجی بہبود سیکٹروں کی طرف خصوصی توجہ دی جانی چاہئے ۔

بریک

یہ خبر یں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سما عت کر سکتے ہیں۔ DTHاور AIRخبریںآپ آکاشو انی کے موبائیل ایلیکشن نیوز آن

GST

اصلاحات نافذ کرنے سے اب بسیں ، ٹرک اور ایمبولینس گاڑیاں سستی ہو جائیں گی ۔ اس کے علاوہ GSTملک میں جدید میں کمی لائی گئی ہے۔ اس تعلق سے پیش ہے یہ پیغام۔ GSTآلات کشا ورزی پر بھی

IGP

انسپکٹر جنرل آف پولیس کشمیر زون وی کے بردی نے آج سرینگر میں ایک میٹنگ کے دوران وادی کی مجموعی سلامتی صورتحال کا جائزہ لیا ۔ اس دوران انہوں نے سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر کڑی نظر رکھنے کی ضرورت پر زور دیا تاکہ غلط جانکاری کو پھیلنے سے روکا جا سکے ۔ انہوں نے منشیات کے خلاف سخت کاروائی کرنے کی بھی ہدایات دیں ۔

JKRLM

شیر کشمیر پارک سرینگر میں چار اکتوبر سے 14 اکتوبر تک ایک سارس JKRLMجموں کشمیر رورل لائیو لی ہُڈ مشن کی مشن ڈائریکٹر ڈاکٹر شُبرا شرما نے کہا کہ JKRLMمیلے کا اہتمام کر رہا ہے ۔ میلے کے بارے میں جانکاری دیتے ہوئے قومی سطح کا یہ میلہ شرکاءکو اپنا مال بیچنے اور اسے فروغ دینے کا ایک بہترین پلیٹ فارم ثابت ہو گا ۔

ہماری ذمہ داری

سماج کے ضرورت مند اور مفلوک الحال طبقے کے لوگوں کی مدد کرنا اور ان کے معیار حیات میں بہتری لانا ہم سب کی اولین ذمہ داری ہے ۔ پیش ہے اس تعلق سے وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام۔

صاحب ثروت اور آسودہ حال لوگ اپنی ذمہ داریوں کو نبھاتے ہوئے ان لوگوں کی زندگیوں میں مثبت بدلاؤ لا سکتے ہیں۔ اس حوالے سے ا یک ٹی وی اور ریڈیو اداکار خورشید میر نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

عالمی یوم قلب

آج عالمی یوم قلب ہے۔ آج کے دن دل کو لگنے والی بیماریوں سے متعلق احتیاطی تدابیر نیز جسم کے اس اہم عضو کو صحت مند رکھنے سے متعلق جامع بیداری پیدا کی جاتی ہے ۔ صحت کے مرکزی وزیر جے پی نڈّا نے اس دن کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ ایک بہتر طرز زندگی اختیار کرنے سے ہم دل کی بیماریوں سے بچ سکتے ہیں ۔

Cardiology

اس دن کی مناسبت سے جموں کشمیر میں بھی متعدد تقاریب کا انعقاد کیا گیا جن میں قلب کو مختلف بیماریوں سے دور رکھنے سے متعلق جانکاری کو عام کیا گیا ۔ اس تعلق سے سپر سپیشلٹی اسپتال سرینگر میں Cardiology شعبے کے سربراہ ڈاکٹر خالدمحی الدین میر نے آکاشوانی کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا ۔

پروگرام

آتم نر بھر بھارت کے موضوع سے متعلق آکاشوانی نیوز سرینگر کا تیار کردہ ایک خصوصی پروگرام آج رات دس بجے آکاشوانی سرینگر سے نشر ہوگا۔

پروگرام کے مہمان ہوں گے یونیورسٹی آف جموں میں بزنس سکول کے سینئر اسسٹنٹ پروفیسر ڈاکٹر عابد حسین پرے۔

ان کے ساتھ ہمکلام ہوں گے آکاشوانی نیوز سرینگرکے سربراہ طارق راتھر۔

نیشنل کانفرنس

نیشنل کانفرنس کے جنرل سیکریٹری علی محمد ساگر نے آج پارٹی ہیڈ کوارٹر پر کئی عوامی وفود کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا کہ موجودہ حکومت لوگوں کے مسائل کو حل کرنے اور ان کی راحت رسانی کے کاموں میں جٹی ہوئی ہے ۔ اس موقعہ پر انہوں نے وفود کے مسائل غور سے سنے اور یقین دلایا کہ ان مسائل کو متعلقہ حکام کی نوٹس میں لایا جائے گا ۔

پردیش کانگریس

پردیش کانگریس کمیٹی کے صدر طارق حمید قرہ کی صدارت میں آج سرینگر میں کوآرڈنیٹروں اور کشمیر صوبے کے ضلع صدور کی ایک میٹنگ منعقد ہوئی ۔ اس موقعہ پر انہوں نے کہا کہ پارٹی جموں کشمیر کا ریاستی درجہ بحال کرنے کے لئے کوششیں جاری رکھے گی ۔ انہوں نے پارٹی لیڈروں پر زور دیا کہ وہ اس تعلق سے اپنے اپنے ضلعوں میں متحرک ہو کر لوگوں کے ساتھ رابطہ کریں ۔

وزیردفاع

وزیردفاع راجناتھ سنگھ نے داخلی اور خارجی دونوں طرح کے سیکورٹی چیلنجوں سے نمٹنے کے لیے حقیقی تیاری کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ آج نئی دلّی میں اِنڈیا کوسٹ گارڈ کمانڈرس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ دفاعی افواج کو کثیر
ر

---

خی سیکورٹی خطرات سے نمٹنے کے لیے تیار رہنا چاہئے۔±

ریلوے

ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو اور بہار کے نائب وزیراعلیٰ سمراٹ چودھری نے آج تین امرت بھارت ایکسپریس سمیت سات ٹرینوں کو بہار کے نام وقف کیا۔اِس موقع پر انہوں نے کہا کہ وزیراعظم نریندر مودی کی قیادت میں ریلویز پر نئے سرے سے توجہ مرکوز کی گئی ہے۔ خاص طور پر
ا

---

ن ریاستوں میں جہاں ریلوے کی سہولتیں محدود ہیں۔±

کیمپ NCC

ٹریننگ کیمپ Combined Annualٹریننگ اکیڈمی نگروٹہ میں NCCکی طرف سے ان دنوں NCCجے اینڈ کے بٹالئین 1 کا انعقاد کر رہی ہے جس میں سرینگر ، بارہمولہ ، کولگام ، گاندربل ،بڈ گام اور پلوامہ سے تعلق رکھنے والے چار سو سے زائد کیڈ ٹ شرکت کر رہے ہیں ۔

مہم NCC

سرینگر کی طرف سے آج مانسبل جھیل کے نزدیک صفائی ستھرائی مہم اور ایک مفت طبی NCCجے اینڈ کے نیول یونٹ 1 کیمپ کا انعقاد کیا گیا جن میں کافی تعداد میں مقامی لوگوں نے شرکت کی ۔ اس دوران 150 مستحقین کا مفت علاج و معالجہ کیا گیا ۔

موسم

محکمہ موسمیات کی پیش گوئی کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے24گھنٹوں کے دوران موسم خشک رہنے کا امکان ہے ۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 30اعشاریہ 5 ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت12 اعشاریہ 8 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 35اعشاریہ 1 ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 23اعشاریہ 6 ڈگری سیلسیس تھا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح6بجکر24 منٹ پر اور غروب آفتاب شام6ر18منٹ پر ہو گا۔

اسکے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلٹن ختم ہوا۔

خبروں کا اگلا بلٹن آکاشوانی سے

کل صبح7بجکر45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا۔

ہمیں دیجئے اجازت// خدا حافظ